شاندار نیلام عام منڈی مویشیاں

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ برائے حقوق وصولی فیس منڈی مویشیاں عرصہ ایک سال (یکم جولائی 2024 تا 30 جون 2025) بمطابق شیڈول سیالکوٹ کینٹ مورخہ 24 جون 2024ء دن 12 بجے دفتر ہذا میں نیلام کرے گا۔ مقررہ تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 25 جون 2024ء کو ہوگی اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہو سکی تو سہ بارہ مورخہ 26 جون 2024ء کو ہوگی۔ جس کے لیے کوئی علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

منڈی بمقام سروے نمبر 83 نزد چک منڈاہر

شرائط:

1۔ بولی دہندگان کو نیلامی سے قبل -/Rs.10,00,000 کی کال ڈیپازٹ کسی بھی شیڈول بینک سے بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ بمعہ اپنے شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرائے گا (نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی)۔ جو کہ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو اختتام پر واپسی کر دیا جائے گا۔

2۔ منڈی مویشیاں کی بولی عرصہ ایک سال کے لیے ہوگی۔

3۔ شرائط پڑھ کر مکمل آگاہی دریافت کر کے ہر غلط فہمی بولی سے قبل دور کر کے مکمل ذمہ داری سے بولی دیں بوقت بولی کوئی عذر اعتراض قابل سماعت لائق منظوری نہ ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/4 حصہ بشمول زر بیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔ 1/4 حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو 1/4 حصہ جمع کرانا ہوگا۔ زر بیعانہ جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی کے اختتام کے دو گھنٹے بعد دوبارہ نیلامی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ دو ماہانہ اقساط کے برابر رقم بطور ایڈوانس قسط ٹھیکہ کی منظوری ہونے کے سات دن کے اندر جمع کرائے گا۔ دو ماہ کی قسط سات دن کے اندر جمع نہ ہونے کی صورت میں 1/4 سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی اور دوبارہ نیلامی ہوگی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم ماہانہ مساوی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو ہر ماہ کی 05 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگی۔ کسی قسط کی مذکورہ تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور زرضمانت ضبط تصور ہوگا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ فیس منڈی مویشیاں کنٹونمنٹ بورڈ کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ شیڈول کی کاپی دفتر ہذا سے لی جا سکتی ہے۔

8۔ ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کو کرایہ زمین برائے انعقاد منڈی رقم ٹھیکہ کے علاوہ ادا کرنا ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ یا کمپنی جو کہ ادارہ ہذا کے نادہندہ ہیں براہ راست یا کسی اور کے ذریعے بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ انکم ٹیکس کی یک مشت ایڈوانس ادائیگی کے بعد ٹھیکہ چلانے کی اجازت ہوگی۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد 07 یوم کے اندر اندر تحریری معاہدہ مقرر کردہ سٹیمپ پیپرز پر کرنے کا پابند ہوگا۔

12۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں گے۔ اسکے علاوہ جو شخص کسی دوسرے کے لیے بولی دے گا وہ اس شخص کا تصدیق شدہ اتھارٹی لیٹر ساتھ لائیں گے۔

13۔ کامیاب بول دہندہ کنٹونمنٹ بورڈ کی منظوری سے منڈی کے دن کا انعقاد تبدیل کر سکتا ہے۔

14۔ منڈی مویشیاں میں صفائی ستھرائی کی ذمہ داری ٹھیکہ دار کی ہوگی۔ اس بات کا خیال رکھنا کہ جگہ جگہ پانی نہ کھڑا ہو اور بیماریوں سے بچاؤ کا سپرے کروانا بھی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

15۔ جانوروں کے لیے پانی اور سائے کا انتظام کرنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔

16۔ اگر کامیاب بولی دہندہ نمبر 01 نے 1/4 رقم موقع پر جمع نہ کرائی تو جمع شدہ زر بیعانہ ضبط کر لیا جائے گا۔ بولی دہندہ نمبر 01 کی ناکامی کی صورت میں بورڈ/زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بولی دہندہ نمبر 02 کے ساتھ معاہدہ ٹھیکہ کرے۔

17۔ دیگر معلومات کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یا R.S کینٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

18۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر/بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا کہ کوئی بھی وجہ بتا کر بولی کو منظور یا مسترد کر دے اور یہ حکم نامنظوری کسی عدالت میں یا کسی فورم میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔ اور اسکی حتمی حیثیت ہوگی۔

19۔ نیلام بمطابق قوائد ضوابط پیپرا رولز 2004 عمل میں لائی جائے گی۔ یہ شرائط پیپرا PPRA ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ۔

Scanned with CamScanner